سوال

(477) مردوں کو دیکھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا موت کے خواب میں مردوں کو دیکھنا اس بات کی دلیل ہے کہ یہ انسان جلد فوت ہوجائے گا؟ اس صورت حال میں کا ی کرنا چاہیے تاکہ ان برے خوابوں سے جان چھوٹ جائے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ خواب جس سے انسان ڈر جائے اور گھبرا جائے' یہ شیطان کی طرف سے ہوتا ہے کیونکہ شیطان اس بات کا خواہش مند ہے کہ وہ ہر مسلمان کو غم واندازوہ میں بتلا کردے' ارشاد باری تعالیٰ ہے:

إِنَّمَا النَّجْوىٰ مِنَ الشَّيْطٰنِ لِيَحْزُنَ الَّذينَ ءامَنوا وَلَيسَ بِضارِّهِم شَيـًٔا إِلّا بِإِذنِ اللَّهِ ... ١٠ ... سورة المجادلة

''(کافروں کی) سرگوشیاں تو شیطان (کی حرکات) سے ہیں' (جو) اس لیے (کی جاتی ہیں) کہ مومن (ان سے) غم ناک ہوں جب کہ وہ (شیطان) اذن الہی کے بغیر انہیں کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا۔''

اسی طرح یہ ڈراؤنے خواب جوانسان کو غم وفکر میں بتلا کردیتے ہیں۔ یہ بھی شیطان کی طرف سے ہوتے ہیں' اس لیے نبی ﷺ نے حکم دیا ہے کہ جو شخص ناپسندیدہ خواب دیکھے تو وہ اپنے بائیں طرف تین بار تھوک دے اور کہے:

(اعوذ باللہ من شر الشیطان ومن شر ما رایت) (لم اجدہ بہذا اللفظ)

''میں شیطان کے شر سے اور جو خواب اس نے دیکھا ہے اس کے شر سے اللہ کی پناہ طلب کرتا ہوں۔''

اور جب خواب میں موت وغیرہ یعنی ایسی چیز کو دیکھو جسے تم ناپسند کرتے ہو تو اس وقت اس طرح کرو جس طرح نبی ﷺ نے حکم دیا ہے کہ تین بار بائیں جانب تھوک دو' نیز شیطان کے شر اور جو کچھ تم نے دیکھا ہے اس کے شر سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگو۔ اور پھر اس کے بعد اگر سونا چاہو تو دوسری کروٹ پر سوجاؤ اور جب سو کر اٹھو تو اس برے خواب کے بارے میں کسی کو نہ بتاؤ' اس طرح اس خواب سے تمہیں کوئی نقصان نہیں ہوگا۔

انسان اگر موت کے بارے میں کوئی خواب دیکھے تو یہ اس بات کی دلیل نہیں ہے کہ وہ عنقریب مرجائے گا بلکہ یہ بھی ایک شیطانی خواب ہے تاکہ وہ ایسے خواب کی وجہ سے مسلمان کو غم وفکر میں بتلا کردے۔ اس طرح کا خواب دیکھ کر بھی اللہ تعالیٰ سے پناہ مانگنی چاہیے اوراس کے بارے میں کسی سے بات نہیں کرنے چاہیے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج4ص362

محدث فتویٰ